# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں / Перевод документа на русский язык /
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

## 28 جنوری، 2022

ہمارے "محفوظ رہیں، کھلے رہیں" منصوبے کے تحت، ہمارے اسکول کھلے ہوئے ہیں اور نوجوان افراد کے لیے اس عالمی وبا بمع اومنی کرون کے ابھرنے کے دوران محفوظ ترین جگہیں رہے ہیں۔ ہم اس پر مزید کام کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ یہ اہل خانہ تازہ ترین مراسلہ ہماری صحت اور حفاظتی پالیسیوں کے بارے میں تازہ ترین اہم معلومات فراہم کرتا ہے، جو پیر، 31 جنوری سے قابل اطلاق ہو جائینگی۔

## مندرجات:


- **تجدید شدہ COVID-19 صحت اور حفاظتی پالیسیاں**
  - قابل اشاعت فیصلوں کے چارٹس
  - COVID-19 کیسس کے لیے مختصر علیحدگی کا دورانیہ
  - COVID-19 کا سامنا ہونے پر مختصر کوارنٹین
  - COVID-19 گھریلو جانچ کِٹس
  - COVID-19 کی وجہ سے طلبا کے لیے ریموٹ تعلیم
- **ہماری برادریوں کو صحتمند رکھنے کے لیے**
  - روزانہ صحتیاتی جانچ
  - چہرے کا ماسک لگانے کی یاد دہانی
  - COVID-19 ویکسین کے بُوسٹر ٹیکے


## تجدید شدہ COVID-19 صحت اور حفاظتی پالیسیاں

### قابل اشاعت فیصلے کے چارٹس

ہم یہ جانتے ہیں کہ اہل خانہ کو فیصلے کرنے میں مدد دینے کے لیے واضح معلومات درکار ہیں۔ ان پالیسیوں کو واضح کرنے کے لیے ایک بصری کتابچے کے لیے یہاں جائیں schools.nyc.gov/2021health جو ان دو چارٹس کے بارے میں ہے، جن میں اگر آپ کا بچہ بیمار محسوس کرے، COVID-19 کا سامنا ہوا ہے، یا COVID-19 جانچ کا نتیجہ مثبت آگیا ہے۔

- ابتدائی طفلی اہل خانہ، (LYFE ، 3-K، پری کنڈرگارٹن، یا ارلی لرن) کے لیے COVID-19 چارٹ
- کنڈرگارٹن - 12 تک کے طلبا کے لیے COVID-19 چارٹ

## COVID-19 کیسس کے لیے مختصر علیحدگی کا دورانیہ

مراکز برائے انسداد بیماری و بچاو (CDC) اور نیویارک ریاست محکمئہ صحت (DOH) کی رہنمائی کی بنیاد پر نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) نے K-12 کے COVID-19 جانچ کا نتیجہ مثبت آنے والے طلبا کے لیے علیحدگی کا دورانیہ مختصر کر دیا ہے **10 دن سے 5 دن.** اسکا مطلب یہ ہے کہ اگر آپکے بچے کا COVID-19 جانچ کا نتیجہ مثبت آتا ہے اور وہ کنڈرگارٹن یا اس سے اونچی کلاس میں ہے، آپکا بچہ چھٹے (6) دن اسکول واپس آ سکتا ہے اگر اسے کوئی علامات نہیں ہیں یا علامات میں بہتری آ رہی ہے، اور انہیں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ چھٹے (6) دن اسکول واپس آنے والے طلبا کو 6-10 دنوں تک لازماً صحیح طور پر ماسک پہننا ہوگا جیسے کہ KN94 ، KF95یا ایک کپڑے کے ماسک کی نیچے ایک سرجیکل ماسک۔

برائے مہربانی آگاہ رہیں کہ کوئی بچہ (کسی بھی گریڈ کا) جس نے اپنا علیحدگی کا دورانیہ مکمل کر لیا ہے اسے جانچ کا منفی نتیجہ دکھانے کی ضرورت نہیں ہے۔

## COVID-19 کا سامنا ہونے پر مختصر کوارنٹین

CDC اور DOH نے بھی COVID-19 کا سامنا (ایکسپوزر) ہونے پر کوارنٹین کو مختصر کر دیا ہے۔ کنڈرگارٹن یا اس سے اونچی کلاس کے طلبا اسکول میں رہنے کے لیے اسکول میں سامنا ہونے کے بعد اپنے گھریلو جانچ کِٹس کا استعمال جاری رکھیں گے۔ اگر آپکا بچہ مکمل ویکسین شدہ نہیں ہے اور اسکا اسکول کی ترتیب سے **باہر** COVID-19 کا سامنا ہوا تھا، آپکے بچے کو کم از کم 5 دن کے لیے کوارٹین کرنا لازمی ہے؛ اسے 10 دن سے کم کر دیا گیا ہے۔ اگر آپکا بچہ مکمل ویکسین شدہ ہے اور اسکول سے باہر اسکا سامنا ہوا ہے، آپکا بچہ اس وقت تک اسکول آ سکتا ہے جب تک اس میں کوئی علامات ظاہر نہ ہوں۔ تمام طلبا کو اسکول کے احاطے میں ماسک پہننا ضروری ہے، اور علیحدگی یا کوارٹین کے چھٹے (6) دن اسکول واپس آنے والے طلبا کو 6-10 دنوں تک لازماً صحیح طور پر ماسک پہننا ہوگا جیسے کہ KN94، KF95 یا ایک کپڑے کے ماسک کی نیچے ایک سرجیکل ماسک۔

**3K، LYFE اور پری کنڈرگارٹن رومز کے کم از کم دو سالہ بچوں** کو صرف 5 دن کا کوارنٹین کرنا ہوگا اگر انہیں کوئی علامات نہیں ہے، 10 دنوں تک ایک صحیح سے ماسک پہننے کے قابل ہوں، اور پانچویں (5) دن ایک نگھداشت کا فراہم کنندہ کی جانب سے کیا گیا COVID-19 جانچ کا نتیجہ منفی آیا ہو یا چوتھے (4) اور پانچویں (5) دن میں کیے گئے دو گھریلو جانچوں کے نتائج منفی آئے ہوں۔

**LYFE رومز میں دو سال سے کم بچوں** کو اب بھی 10 دنوں کا کوارٹین کرنا ہوگا مگر وہ آٹھویں (8) دن اسکول واپس آ سکتے ہیں اگر انہیں کوئی علامات نہ ہو اور پانچویں (5) دن یا اسکے بعد ایک نگھداشت کا فراہم کنندہ کی جانب سے کیا گیا COVID-19 جانچ کا نتیجہ منفی آیا ہو. اس عمر کے بچوں کے لیے گھریلو جانچ درست نہیں ہے ماسوائے کہ ایک صحتیاتی نگھداشت فراہم کنندہ کے ہدایات کے مطابق عمل درآمد کیا گیا ہو۔

3K، LYFE اور پری کنڈرگارٹن رومز کا کوئی بھی بچہ جسکا سامنا ہوا ہے مگر COVID-19 جانچ نہیں کرائی ہے ایک 10 دن کوارنٹین کے بعد اسکول واپس آ سکتا ہے۔

کسی بھی عمر کا بغیر ویکسین شدہ طالب علم جسکا گھر پر COVID-19 کا سامنا ہوا ہے، اگر گھر کا COVID-19 مثبت آنے والا فرد اور طالب علم ایک ہی گھر میں رہ رہے ہیں، اس طالب علم کو اہل خانہ کے اس فرد کے علیحدگی کے دورانیے کا اختتام ہونے کے بعد کم از کم 5 دن کا لازمی کوارنٹین کرنا ہوگا۔

برائے مہربانی توجہ کریں: اگر آپکا بچہ پچھلے 90 دنوں میں COVID-19 سے صحتیاب ہوا ہے، اب اسے دوبارہ سامنا ہونے کے بعد اب کوارنٹین کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اسکول آ سکتا ہے ماسوائے کے اسے COVID-19 کی علامات ہوں۔

### COVID-19 گھریلو جانچ کِٹس

2 سال سے اوپر کی عمر کے بچے جنکا اسکول میں COVID-19 کا سامنا ہوا ہے انکی دو جانچیں ہونگی۔ تمام جانچ کِٹس شائع شدہ ہدایات کے ساتھ آتی ہیں، براہِ مہربانی جانچ کرتے وقت ان ہدایات پر عمل کریں۔ آپ اپنی جانچ کٹ استعمال کرنے کے بارے میں کئی زبانوں میں وڈیوز بھی دیکھ سکتے ہیں schools.nyc.gov/HomeRapidTestKits۔

برائے مہربانی توجہ کریں: اگر آپکا بچہ پچھلے 90 دنوں میں COVID-19 سے صحتیاب ہوا ہے، اسے جانچ کٹ نہیں ملیگی اور اسکول آ سکتا ہے ماسوائے کہ اسے COVID-19 کی علامات ہوں۔

### COVID-19 کی وجہ سے طلبا کے لیے ریموٹ تعلیم

کوئی بھی طالب علم جسکی COVID-19 جانچ منفی آئی ہے اور گھر پر علیحدگی اختیار کر رہا ہو غیر ہم آہنگ ریموٹ تعلیم اور دستیاب ہونے پر دفتر اوقات میں ایک استاد تک رسائی کا اہل ہو جاتا ہے۔ آپکا اسکول تفصیل فراہم کریگا کہ ان حالات میں بچے کس طرح دفتری اوقات میں ریموٹ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

## ہماری برادریوں کو صحتمند رکھنے کے لیے

### روزانہ صحت کی چھان بین

پیر، 31 جنوری، سے شروع، روزانہ صحت کی چھان بین کا فارم کی تجدید کی جائیگی تاکہ نئی صحت کی پالیسیوں اور انتخابات کی عکاسی ان لوگوں پر ہو جو حال ہی میں COVID-19 سے صحتیاب ہوئے ہیں۔ برائے مہربانی اسکول آنے سے قبل اپنے بچے کی روزانہ صحت کی چھان بین کرنے میں مدد کرنا جاری رکھیں۔

### چہرے کا ماسک لگانے کی یاد دہانی

DOE کی چہرے کا ماسک لگانے کی پالیسی بدستور قابل اطلاق ہے۔ دو سال کی عمر سے بڑے تمام طلبا کو DOE کی کسی عمارت میں داخل ہونے پر چہرے کا ماسک لگانا لازمی ہے ماسوائے کہ انہیں ایک طبی استثناء حاصل ہو۔ جب بھی DOE کے احاطے میں ہوں اندر یا باہر، اس سے قطع نظر کہ COVID-19 ویکسین کی کیا حیثیت ہے، چہرے کا ماسک لگانا لازمی ہے۔

محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) تجویز دیتا ہے کہ تمام افراد کو دو ماسک یا ایک بہتر درجہ کا ماسک، جیسے کہ ایک KN95 یا KF94 لگانے کے بارے میں غور کرنا چاہئیے۔ پھینک دینے والے ماسک کے اوپر کپڑے کے بنے ماسک کے استعمال سے بہتری آتی ہے اور بچاو کی سطح میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

### COVID-19 ویکسین کے بُوسٹر ٹیکے

12 سال اور اس سے کم عمر کے طلبا جنہیں انکی دوسری Pfizer-BioNTech ویکسین کم از کم پانچ مہینے قبل ملی ہو اب COVID-19 سے مزید بچاو کی قوت پیدا کرنے کے لیے بوسٹر ٹیکے لگوا سکتے ہیں اور ہماری برادری کو اس وائرس سے محفوظ رکھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ، 5 سے 11 سال کے بچے جن میں بچاو کی قوت کی کمی (امیونوکومرومائزنگ) ہے جنھوں نےکم از کم 28 دن قبل اپنی Pfizer-BioNTech ابتدائی ویکسین لگوائی تھی اب ایک بوسٹر ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں۔ CDC اور DOH نیویارک کے تمام رہائشیوں کی پرزور

حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ اپنی COVID-19 بوسٹر ویکسین لگوائیں، جو مفت ہے اور سب جگہ دستیاب ہے۔ ایک قریبی ویکسین کے مقام کو تلاش کرنے کے لیے یہاں جائیں vaccinefinder.nyc.gov.

اگر آپ کے بوسٹر ٹیکوں کے بارے میں سوالات ہیں، اپنے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ سے معلوم کریں یا 911 کال کریں۔